| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ قرآن مجید (سُوْرَۃُ الْفَلَقِ) |

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوْرَۃُ الْفَلَقِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔
- مُعَوِّذَتَین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سُوْرَۃُ الْفَلَقِ کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ یہ قرآن پاک کی 113 نمبر سورت ہے اس کی کل 5 آیات ہیں اسے مُعَوِّذَتَین بھی کہتے ہیں۔

## طریقہ تدریس: 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اس کو پڑھنا، سمجھنا اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ قرآن مجید پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم سُوْرَۃُ الْفَلَقِ کو درست تلفّظ سے پڑھنا سیکھیں گے اور زبانی یاد کریں گے۔
- طلبہ کو سُوْرَۃُ الْفَلَقِ کی تلاوت کر کے سنائیں۔ کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھولنے کی ہدایت دیں۔ اس صفحے پر لکھی سُوْرَۃُ الْفَلَقِ کی طلبہ کو لفظ بہ لفظ تدریس کروائیں۔
- طلبہ کو بتایا جائے کہ قرآن مجید کو قواعد تجوید کا خیال رکھتے ہوئے درست تلفّظ اور ادائی کے ساتھ تلاوت کیا جائے۔
- طلبہ کو سُوْرَۃُ الْفَلَقِ کی پہلی دو آیات (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾) کی تلاوت کروائیں۔ ہر لفظ پر زور دیں اور مشکل الفاظ کو ہجّوں کے ساتھ پڑھائیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ بچہ اعراب کا

خیال رکھتے ہوئے حروف کو ادا کرے۔ طلبہ کو پانچ سے سات بار دہرائی کروائیں تاکہ انھیں زبانی یاد ہو جائیں۔

- طلبہ کو سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ کے رموزِ اوقاف کی وضاحت کریں۔

انھیں بتائیں کہ قرآن مجید کی عبارت بھی گفتگو کے انداز میں واقع ہوئی ہے اسی لیے اہلِ علم نے اس کے ٹھہرنے نہ ٹھہرنے کی علامتیں مقرر کر دی ہیں جن کو رموزِ اوقاف قرآن مجید کہتے ہیں۔

آیت کا نشان ○: جہاں بات پوری ہوتی ہے وہاں چھوٹا سا دائرہ لگا دیا جاتا ہے یعنی اس پر ٹھہرنا چاہیے۔

لا: اس کے معنی نہیں کے ہیں۔ یہ علامت عبارت کے اندر اور کہیں آیت کے اوپر استعمال ہوتی ہے۔ عبارت کے اندر ہو تو ہرگز نہیں ٹھہرنا چاہیے اور آیت کے اوپر ہو تو ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے پر اختلاف ہے۔

ع: قرآن مجید میں اس علامت کا مقصد ایسی مقدار کا تعین ہے جو نماز کی ایک رکعت میں پڑھی جاسکے۔ اس جگہ پر رکوع کی علامت لکھی جاتی ہے۔

- سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ کی پہلی دو آیات طلبہ سے زبانی سنیں۔ اور انھیں ہدایت دیں کہ اس سورت کو زبانی یاد کریں اور نماز میں پڑھا کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ کی پہلی دو آیات کی تلاوت درست تلفّظ سے پڑھائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائی گئی پہلی دو آیات طلبہ سے زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ قرآن مجید (سُوْرَةُ الْفَلَقِ) |

### حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوْرَةُ الْفَلَقِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔
- مُعَوَّذَتَین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سورت کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ اس سورت کو مُعَوَّذَتَین کہتے ہیں اسے صبح و شام تین تین بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر طرح کے جادو اور بری نظر سے محفوظ رکھتا ہے۔

### طریقہ تدریس: 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 4 سے سُوْرَةُ الْفَلَقِ کی تلاوت کریں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ بھی آپ کے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ سُوْرَةُ الْفَلَقِ کی کتنی آیات ہیں؟ آیات کی تعداد خود بھی گنتے جائیں اور انھیں بتائیں کہ ہم سُوْرَةُ الْفَلَقِ کی پہلی دو آیات کی تلاوت کرنا سیکھ چکے ہیں اور زبانی یاد کر چکے ہیں۔ آج ہم سُوْرَةُ الْفَلَقِ کی اگلی دو آیات کی تلاوت کرنا سیکھیں گے اور زبانی یاد کریں گے۔
- استاد پہلے خود سُوْرَةُ الْفَلَقِ کی پہلی چار آیات (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝۴) کی لفظ بہ لفظ تلاوت کریں اور پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ہر لفظ کو درست مخارج کے ساتھ اعراب کا خیال رکھتے ہوئے صحیح تلفّظ سے ادا کریں۔
- طلبہ کو آیات کی بار بار پڑھائی کروائیں تاکہ ان کو ذہن نشین ہو جائیں۔

- جماعت میں موجود ہر بچے سے سُوۡرَةُ الۡفَلَقِ کی تلاوت کروائیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ سورت کو ساتھ ساتھ زبانی یاد کریں اور نماز میں پڑھا کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سُوۡرَةُ الۡفَلَقِ کی پہلی چار آیات کی تلاوت کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائی گئی پہلی چار آیات طلبہ سے سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور جو طلبہ پڑھائی میں کمزور ہیں ان پر توجہ دیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

گھر میں کسی بڑے کو سُوۡرَةُ الۡفَلَقِ کی تلاوت سنائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ قرآن مجید (سُوْرَۃُ الْفَلَقِ) |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوْرَۃُ الْفَلَقِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔
- مُعَوِّذَتَین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سُوْرَۃُ الْفَلَقِ کا نام لکھیں اور طلبہ کو سُوْرَۃُ الْفَلَقِ کا شانِ نزول بتائیں کہ یہ سورت اور سُوْرَۃُ النَّاسِ اس وقت نازل ہوئی جب کچھ یہودیوں نے آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر جادو کرنے کی کوشش کی۔ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ رات کو سونے سے پہلے ان سورتوں کی تلاوت کر کے اپنے ہاتھوں پر دم کرتے اور پھر ان ہاتھوں کو پورے جسم پر پھیر لیتے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- جماعت میں موجود ہر بچے سے سُوْرَۃُ الْفَلَقِ کی چار آیات کی تلاوت زبانی سنیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ بچے ہر لفظ کو درست مخارج کے ساتھ اعراب کا خیال رکھتے ہوئے صحیح تلفّظ سے ادا کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا جائے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ترجمہ: اور قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ پڑھو۔ (سورۃ المزمل، آیت نمبر 4)

ترتیل سے مراد یہ ہے کہ قرآن مجید کو درست تجوید کے ساتھ صحیح تلفّظ سے اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھا جائے۔

- طلبہ کو بتائیں آج ہم سُوْرَۃُ الْفَلَقِ کی آخری آیت (وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝٥) زبانی یاد کریں گے۔ مشکل الفاظ کو ہجے کر کے پڑھائیں۔

- طلبہ کو مکمل سورت بار بار پڑھوائیں تاکہ انھیں ذہن نشین ہو جائے۔
- سورت میں موجود رموزِ اوقاف کی وضاحت کریں۔
- طلبہ کو مکمل سورت یاد کروانے کے لیے ان کی تعداد کے مطابق گروپ بنائیں ہر گروپ کا لیڈر مقرر کریں اور ہدایت دیں کہ گروپ میں موجود ہر بچے کو سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ زبانی یاد کروائیں۔

**اعادہ:**

N/A

**جائزہ:** **8منٹ**

طلبہ سے سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ کی تلاوت زبانی سنیں اور جن طلبہ کو پڑھنے میں دِقّت محسوس ہو انھیں لفظ بہ لفظ تدریس کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ درست تلفّظ سے یاد کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ سے متعلق معلومات لکھیں۔

## سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ

آیات کی تعداد ____________________

پارہ نمبر ____________________

سورت نمبر ____________________